پی سی بی بلاسٹرز نے سدرہ امین کی شاندار سنچری کی بدولت قومی ایک روزہ خواتین چیمپئن شپ جیت لی

- ایونٹ کے فائنل میچ میں پی سی بی چیلنجرز کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 6 رنز سے شکست
- ناقابل شکست 102 رنزبناکرجیت کی بنیاد رکھنے والی سدرہ امین فائنل کی بہترین کھلاڑی قرار
- سیدہ عروب شاہ پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کی حقدار ٹھہریں

لاہور، 26 ستمبر 2019ء:

پی سی بی بلاسٹرزنے قومی ٹرائنگولر ایک روزہ خواتین چیمپئن شپ کے فائنل میچ میں پی سی بی چیلنجرزکوسنسنی خیز مقابلے کے بعد 6 رنزسے شکست دے دی۔ لاہور جمخانہ کلب گراوٴنڈ میں کھیلے جانے والے میچ میں پی سی بی بلاسٹرز کی جانب سے 216 رنز کے جواب میں پی سی بی چیلنجرز مقررہ 50 اوورز میں 210رنز ہی بناسکی۔میچ میں ناقابل شکست 102 رنز بنا نے پر سدرہ امین کو فائنل کی بہترین کھلاڑی قراردیا گیا۔

اس سے قبل پی سی بی چیلنجرز کی کپتان بسمعہ معروف نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو پی سی بی بلاسٹرز کی جانب سے اننگز کا آغاز متاثر کن نہ رہا۔ 3 کے مجموعی اسکور پر اوپنر عائشہ ظفر نے سعدیہ اقبال کی گیند پر وکٹ کھودی۔بلاسٹرز کی دوسری وکٹ 38 کے مجموعی اسکور پر گری جب عمیمہ سہیل فاطمہ ثناء کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آوٴٹ ہوگئیں۔جس کے بعد اوپنر سدرہ امین اور کائنات حفیظ کے درمیان 65 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ کائنات حفیظ 26 رنز بنا کر آوٴٹ ہوگئیں۔ آلراوٴنڈر عالیہ ریاض نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور سدرہ امین کے ہمراہ ٹیم کے اسکور کارڈ کو تیزی سے چلانا شروع کردیا۔ دونوں کے درمیان 100 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ عالیہ ریاض نے 47 گیندوں پر 42 رنز بنائے۔ان کی اننگز میں 3 چھکے اور 1 چوکا شامل تھا۔ دوسرے اینڈ

سے سدرہ امین کی مزاحمت جاری رہی۔ انہوں نے 102 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ان کی اننگز میں 11 چوکے شامل تھے۔ پی سی بی بلاسٹرز نے مقررہ 50 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 216 رنز بنائے۔ پی سی بی چیلنجرز کی جانب سے سعدیہ اقبال، فاطمہ ثناء، سیدہ عروب شاہ اور صباء نذیر نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں پی سی بی چیلنجرزنے مقررہ 50اوور زمیں 7وکٹوں کے نقصان پر210 رنز ہی بناسکی۔ 217 رنز کے تعاقب میں پی سی بی چیلنجرز کی جانب سے خدیجہ چشتی اور جویریہ رؤف نے اننگز کا آغاز کیا۔22 کے مجموعی اسکور پر خدیجہ چشتی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئیں جس کے بعد کپتان بسمعہ معروف اور جویریہ رؤف کے درمیان 82 رنز کی شراکت نے پی سی بی چیلنجرز کی میچ میں پوزیشن مستحکم کردی۔ جویریہ رؤف 51 اور بسمعہ معروف 44 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں۔ 2 تجربہ کار کھلاڑیوں کے آؤٹ ہونے کے بعد پی سی بی چیلنجرز ایک بار پھر مشکلات کا شکار ہوگئی اور وقفے وقفے سے وکٹیں گرنےلگیں۔ سدرہ نواز 16، ارم جاوید13، ڈیانا بیگ15 اور فاطمہ ثناء بغیر کوئی رنز بنائے پویلین واپس لوٹ گئیں تاہم مڈل آرڈر بیٹر نتالیہ پرویز نے دوسرے اینڈ سے مزاحمت جاری رکھی۔ پی سی بی چیلنجرز کو آخری اوور میں جیت کے لیے 14 رنز درکار تھے۔ باؤلر عالیہ ریاض کا سامنا کرنے کے لیے نتالیہ پرویز اور صباء نذیر کریز پر موجود تھیں تاہم وہ آخری 6 گیندوں پر محض 7 رنز ہی اسکور کرسکیں۔ پی سی بی بلاسٹرز کی جانب سے الماس اکرم اور طوبیٰ حسن نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

میچ میں شاندارسنچری اسکور کرنے پر سدرہ امین کو پلیئر آف دی میچ کا انعام دیا گیا۔

پی سی بی چیلنجرز کی لیگ اسپنر سیدہ عروب شاہ کو5 میچز میں 14 وکٹیں حاصل کرنے پر پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کا انعام دیا گیا۔

ایونٹ کی فاتح ٹیم کو پانچ جبکہ رنرزاپ کو ڈھائی لاکھ روپے کی انعامی رقم دی گئی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4